13918-روزے کی حالت میں منگیتر سے بات چیت

سوال

کیا روزے دار کے لیے اپنی منگیتر سے ٹیلی فونک گفتگو جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

منگیتر سے بات چیت کے کچھ قواعت وضوابط ہیں آپ ان کی تفصیل سوال نمبر (13791) کے جواب میں پائیں گے لھذا اس کا مطالعہ کریں ۔

جب یہ قواعدوضوابط پائے جائیں ، اورخاص کرجب شھوت میں انگیخت پیدا نہ ہواوربات چیت کی ضرورت ہو توایسا کرنا جائز ہے ، لیکن اگران قواعدوضوابط میں سے کسی ایک کا خدشہ ہو توپھر آپ کے لیے شرعی طورپر منگیتر سے بات چیت کرنا منع ہے اور جائز نہیں ۔

اورجب ان قواعدوضوابط سے روزے کی حالت میں تجاوز کیا جائے تویہ روزے پر اثرانداز ہوتے ہوئے اس کے اجروثواب میں نقص پیدا کرے گی ، اوریہ بہت ہی بری چیزاورزیادہ سخت گناہ کا باعث ہے کیونکہ یہ فضیلت والے مہینہ میں کیا جارہا ہے ، لھذا روزہ دار کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایسی اشیاء اورافعال سے بچے جس کے ارتکاب سے روزے کے اجروثواب میں نقص پیدا ہو، اوراس میں خلل پیدا کردے ۔

واللہ اعلم .